ابن عبدالشکور کی کتابیں | مؤلف: ابن عبدالشکور۔ ناشر: تاج کمپنی، ۱۵۱ ۳ ترکمان گیٹ دہلی - ۱۱۰۰۰۶ - پاکستان میں ملنے کا پتہ: مکتبہ تعمیر انسانیت، اردو بازار، لاہور ۸

یہ چار مختصر کتابیں ہیں - ۱ - حضرت زینب، رقیہ، کلثوم (رضی اللہ تعالیٰ علیہن) ۲ - حضرت زینبؓ بنت جحش، ۳ - جناب عبدالرحمٰنؓ بن عوف - ۴ - حضرت زبیرؓ بن العوام -

ان کتابوں میں متذکرہ شخصیات کی سوانح اس طرح آئی ہیں کہ یہ مؤثر ذریعہ تبلیغ بھی ہیں - قیمتیں علی الترتیب ۵/- روپے، ۱۲/- روپے، ۵/- روپے اور ۸/- روپے ہیں - (غالباً بھارتی سکے کے حساب سے)

ماہنامہ منہاج القرآن | مدیر جناب جاوید القادری - زیر سرپرستی پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری - مقام اشاعت: ادارہ منہاج القرآن، ۳۶۵ ایم، ماڈل ٹاؤن لاہور

قیمت: عام شمارہ ۵/- روپے - سالانہ ۵۰/- روپے

دینی و مذہبی رسائل میں ایک نمایاں اضافہ - جناب طاہر القادری دو طرفہ علوم سے آراستہ ہیں - وہ جو بھی مسلک رکھتے ہوں، بہر حال بہت بڑے کام کا منصوبہ ان کے سامنے ہے - دعا ہے کہ وہ اور ان کا ادارہ ملت میں اتحاد کا ذریعہ بنیں -

---

ظرافت | مدیر: ضیاء الحق قاسمی - مقام اشاعت ۳/۶ صدیق پلازا - حیدرآباد سندھ -

قیمت فی شمارہ ۴/- روپے، سالانہ ۴۰/- روپے

یہ ہے واقعی ایک نوع کی خدمت انسانیت کہ آپ کانٹوں بھری وادی حیات میں مسافران ستم کشیدہ پر مسکراہٹوں کے چند پھول بکھیرتے رہیں - ایسے لوگ بہت تھوڑے ہوتے ہیں جو اپنے غموں کے کانٹوں کی چبھن کے احساس کو دبا کر دوسروں کے لیے ہنستے ہیں - یہی خدمت مزاحیہ جریدہ کی ہوتی ہے - سو میں نے اب تک ظرافت کے جو پرچے پڑھے ہیں - ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ ظرافت کا اپنا حال اندر سے خواہ کتنا ہی پتلا ہو، اس کے ہونٹوں پہ مسلسل مسکراہٹ دکھائی دیتی ہے - آفرین ہے بھئی!